انسداد دہشت گردی (CT) پر ہند-روس مشترکہ ورکنگ گروپ (JWG) کی 12ویں میٹنگ اور اقوام متحدہ سے متعلقہ امور پر ہند-روس کی مشاورت (03-04 مئی 2023)

05 مئی 2023

سکریٹری (مغرب) شری سنجے ورما نے 03-04 مئی 2023 کو انسداد دہشت گردی پر ہند-روس مشترکہ ورنگ گروپ کی 12ویں میٹنگ میں شرکت نیز اقوام متحدہ اور کثیر جہتی امور پر ہند-روس دو طرفہ مشاورت کے لئے ماسکو کا دورہ کیا۔

2۔ 03 مئی کو CT پر 12ویں JWG کی مشترکہ صدارت سکریٹری (مغرب) اور روسی فیڈریشن کے خارجہ امور کے نائب وزیر جناب اولیگ سائرومولوتوف نے کی۔ اجلاس میں دونوں اطراف سے متعلقہ محکموں اور ایجنسیوں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔

3۔ دونوں فریقوں نے دہشت گردی اور انتہا پسندی سے نمٹنے کے لیے اپنے تجربات کا اشتراک کیا اور عالمی اور علاقائی سطح پر دہشت گردی کے موجودہ خطرات پر تبادلہ خیال کیا۔ روسی فریق نے 2022 میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی انسداد دہشت گردی کمیٹی کے سربراہ کے طور پر ہندوستان کے کردار کی تعریف کی اور نئی دہلی اعلامیہ کو اپنانے کا خیرمقدم کیا جس میں دہشت گردی کے مقاصد کے لیے نئی اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں کے استعمال سے نمٹنے پر توجہ مرکوز کی گئی تھی۔ دونوں فریقوں نے دو طرفہ اور کثیر جہتی پلیٹ فارموں میں انسداد دہشت گردی تعاون کو مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

4۔ اقوام متحدہ سے متعلقہ مسائل پر ہندوستان-روس دو طرفہ مشاورت 04 مئی کو روسی فیڈریشن کے خارجہ امور کے نائب وزیر جناب سرگے ورشینن کے ساتھ ہوئی۔

5۔ دونوں فریقوں نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے متعلق متعدد امور بشمول اس کی اصلاحات پر وسیع پیمانے پر بات چیت کی۔ روس نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ایک مستقل رکن کے طور پر ہندوستان کی حمایت کا اعادہ کیا۔

ماسکو

04 مئی 2023